رول نمبر (ہندسوں میں) ---------- PR IX (01) 11

(لفظوں میں) ----------

سپرنٹنڈنٹ دستخط/مہر ----------

اردو (لازمی)

9th Fresh/Reappear

فرضی نمبر ----------
(بورڈ دفتر میں استعمال کیلئے)

فرضی نمبر ----------
(بورڈ دفتر میں استعمال کیلئے)

اردو (لازمی)
9th Fresh/Reappear

کل وقت: تین گھنٹے   کل نمبر:75

نوٹ: اس پرچے کے کل تین حصے ہیں۔ سیکشن (الف)، (ب) اور (ج)۔ دیئے گئے ہدایات کو غور سے پڑھیں اور اس کے مطابق ہر ایک سیکشن کو حل کریں۔

حصہ (الف) کے جوابات اسی پرچے پر دیئے جائیں اور مقررہ 20 منٹ کا وقت ختم ہونے پر سپرنٹنڈنٹ کے حوالے کریں۔ کاٹنے، مٹانے یا دوبارہ لکھنے پر نمبر نہیں ملیں گے۔ شناختی علامت "غیر قانونی ذرائع کا استعمال" تصور ہوگا۔ امتحانی ہال میں موبائل لانا ممنوع ہے۔

سیکشن (الف)

وقت: 20 منٹ   نمبر:15

سوال نمبر ۱:۔ مندرجہ ذیل سوالات کیلئے درست جوابات کا انتخاب کریں اور اپنا انتخاب یعنی (الف، ب، ج یا د) ہر جز کے سامنے دیئے ہوئے خالی خانہ میں لکھیں۔

(۱) نثری اسباق میں نورخان کس قسم کی تحریر ہے؟
(الف) مزاحیہ مضمون (ب) ڈرامہ (ج) افسانہ (د) خاکہ   د

(۲) سید ضمیر جعفری بنیادی طور پر کس قسم کے شاعر تھے؟
(الف) رومانی (ب) عوامی (ج) مزاحیہ (د) فلسفی   ج

(۳) جو ڈوب رہا تھا بچ نکلا، جو بچانے آیا تھا وہ ----------
(الف) سلامت رہا (ب) ڈوب چلا (ج) پار اترا (د) کھوگیا   ب

(۴) مثل مشہور ہے جس کی لاٹھی اس کی ----------

(الف) گائے (ب) بکری (ج) بھیڑ (د) بھینس   د

(۵) لیکن اب ----------ہی اتنے مجبور ہیں ہم
(الف) جرمانے (ب) ٹیکس (ج) اخراجات (د) مشکلات   ب

(۶) انہیں دوا سے زیادہ ----------کی ضرورت ہے؟
(الف) راحت (ب) آرام (ج) علاج (د) دعا   ب

(۷) جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی تعریف کی گئی ہو اسے ----------کہتے ہیں۔
(الف) قصیدہ (ب) نعت (ج) حمد (د) ہجو   ج

(۸) نواب برزور جنگ کے پاس ایک ----------تھا۔
(الف) گھوڑا (ب) گدھا (ج) خچر (د) ہاتھی   الف

(۹) قائداعظم صوبہ سرحد میں کا مصنف ----------ہے۔
(الف) رئیس احمد جعفری (ب) شبلی نعمانی (ج) مولوی عبدالحق (د) پریم چند   الف

(۱۰) ماہ عالم ----------کے نواسوں میں سے تھا۔
(الف) اکبر (ب) شاہ عالم (ج) محمد عالم (د) عالمگیر   ب

(۱۱) گلستان اور بوستان ----------کی تصانیف ہیں۔
(الف) سید جعفری (ب) شیخ سعدیؒ (ج) اقبالؒ (د) حالی   ب

(۱۲) دنیا کی قوموں میں اگر کسی قوم کو سمجھنا مشکل ہے تو وہ ----------ہے۔
(الف) ایرانی (ب) پاکستانی (ج) جاپانی (د) چینی   د

(۱۳) کیا آپ نے ----------بھیج دی۔
(الف) ارضی (ب) عرضی (ج) عرض (د) ارض   ب

(۱۴) غزل کے آخری شعر کو ----------کہتے ہیں۔
(الف) مطلع (ب) فرد (ج) مقطع (د) اختتامیہ   ج

(۱۵) یہ بنگلہ کم و بیش ----------ایکڑ قطعہ زمین پر واقع تھا۔
(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ   الف

اردو (لازمی)

9th Fresh/Reappear

نوٹ: سیکشن (ب) اور سیکشن (ج) کیلئے کل وقت 2 گھنٹہ اور 40 منٹ ہیں۔

سیکشن (ب)

کل نمبر:36

سوال نمبر II:۔ درج ذیل میں سے نو (9) اجزا کے مختصر جوابات لکھیں ہر جزو کے چار نمبر ہیں۔

(۱) نورخان کے کردار میں کیا کیا خوبیاں تھیں؟
(۲) تذکیر و تانیث ظاہر کرتے ہوئے اپنے جملوں میں استعمال کریں۔
بائیسکل ۔ سڑک ۔ عزیمت ۔ سیر
(۳) فقیر نے ماہ عالم کی کیا مدد کی؟
(۴) درسی کتاب میں نظیر اکبر آبادی کی کونسی نظم شامل ہے؟ نظم کی دو خوبیاں بھی لکھیں۔
(۵) متضاد لکھیں۔ کمی ۔ نیک ۔ بوڑھا ۔ مایوسی
(۶) بابائے اردو کس کو کہا جاتا ہے اور کیوں کہا جاتا ہے؟
(۷) افسانہ چھلانگ کا مرکزی خیال لکھیں۔
(۸) اسلام نے انسانی برادری میں مساوات کا کون سا تصور پیش کیا ہے؟
(۹) خادم خلق نے ایک عورت اور دو بچوں کو کیسے بچایا؟
(۱۰) حکمرانوں کو طبقہ علماء کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیئے؟
(۱۱) کشمیر کے بارے میں مولوی عبدالحق نے گاندھی سے کیا کہا تھا؟
(۱۲) صاحب خانہ کو گھر میں آرام و سکون کیوں نہ مل سکا؟

سیکشن (ج)

کل نمبر:24

نوٹ:۔ کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں ہر سوال کے آٹھ نمبر برابر ہیں۔

سوال نمبر III:۔ مصنف سبق اور اس کے متن کا مختصر حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کریں۔

(الف) گاندھی جی سے ٹکر لینے کے بعد مولوی صاحب اردو کے قائداعظم بن گئے اور بابائے اردو کہلانے لگے تھے۔ یہ صرف مولوی صاحب ہی تھے جو اردو کے کیلئے لڑتے بھڑتے تھے اور اردو کے پروپیگنڈے کیلئے کسی سے ایک پیسہ طلب نہیں کرتے تھے ان کے پیر طریقت سرسید احمد خان سارے ملک میں گھوم پھر کر چندے اگھا کرتے تھے مگر مولوی صاحب کہا کرتے تھے کہ کسی سے چندہ مانگتے ہوئے مجھے شرم آتی ہے یہ کام میرے بس کا نہیں ہے چنانچہ سارے اخراجات مولوی صاحب اپنی پنشن سے پورا کرتے تھے۔

(ب) آخری غوطے سے قبل میں نے دیکھا کہ تماشائیوں کی اس مختصر جماعت میں جن کو ابھی بچایا تھا اضطراب عظیم پیدا ہے۔ بچے بلک بلک کر میری سلامتی کیلئے "یا خدا رحم!" "یا خدا رحم!" پکار رہے تھے عورتیں دامن پھیلائے دعائیں مانگ رہی تھیں مرد سر بسجود تھے گل نواز نے میرا حال دیکھا، چیختا ہوا پانی میں کودا، یہ آخری نظارہ تھا جو میں نے روئے زمین پر دیکھا۔

سوال نمبر IV- شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کریں۔

(الف)
اے دل کہیں تو جا کے نہ اپنی زباں ہلائے
اور درد دل کا اپنے کسی کو تو مت سنائے
مانگ اس سے جس کے ہاتھ سے تو پیٹ بھر کے کھائے
مشہور یہ مثل ہے کہوں کیا میں تجھ سے ہائے

(ب)
مالی امداد میں سچ ہے بڑے مشہور ہیں ہم
لیکن اب ٹیکس ہی اتنے ہیں کہ مجبور ہیں ہم
تھا دعاؤں پہ ہمیں آسرا وہ بھی نہ رہا
کیوں کہ ان کا بھی اثر ہوتا ہے اکثر اُلٹا

سوال نمبر V- بحوالہ شاعر کسی ایک جزو کی تشریح کریں۔

(الف)
طلب میری بہت کچھ ہے مگر کیا   کرم تیرا ہے اک دریا عطا کا
تری محفل میں اہل دل کو جلوہ   نظر آ جائے گا شانِ خدا کا

(ب)
عمر دراز مانگ کے لائے تھے چار دن   دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں
ان حسرتوں سے کہہ دو کہیں اور جا بسیں   اتنی جگہ کہاں ہے دل داغ دار میں

سوال نمبر VI- رکشہ ڈرائیور اور مسافر کے درمیان پٹرول مہنگا ہونے پر مکالمہ تحریر کریں۔ (یا)
دوست کو اس کے بھائی کی شادی میں شرکت نہ کرسکنے پر معذرت کا خط لکھیں۔

www.ilmkidunya.com